132

آیات نمبر 145 تا 150 میں پچھلی آیات میں حلال و حرام کی بحث کے تسلسل میں تاکید کہ صرف مردار، خون، اور سوٴر کا گوشت حرام قرار دئے گئے ہیں۔ وضاحت کہ یہود پر بہت سی چیزیں ان کی نافرمانی کی وجہ سے بطور سزا حرام قرار دے دی گئی تھیں ۔ مشرک بہت سی حلال چیزوں کو محض اپنے باپ دادا کی پیروی میں حرام قرار دیتے تھے ۔ مسلمانوں کو ان کی پیروی نہ کرنے کی ہدایت۔

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ
مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ
لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ آپ فرما دیجئے کہ جو وحی میرے پاس آئی ہے، میں اس میں تو کوئی
چیز ایسی نہیں پاتا جو کسی کھانے والے پر حرام ہو سوائے یہ کہ وہ مرا ہوا جانور ہو یا بہتا
ہوا خون یا سوٴر کا گوشت ہو کیونکہ وہ ناپاک ہے یا وہ نافرمانی سے ذبح کیا ہوا جانور جس
پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ
رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤٥﴾ پھر جو شخص بھوک سے مجبوری کی حالت میں کوئی چیز
کھا لے بشرطیکہ نہ تو طالبِ لذّت ہو اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہو تو آپ کا رب بڑا
بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ
ظُفُرٍ ۚ اور یہود پر ہم نے تمام ناخن والے جانور حرام کر دیئے تھے وَمِنَ الْبَقَرِ
وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ
الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۭ اور گائے اور بکری میں سے ان دونوں کی
چربیاں ان پر ہم نے حرام کر دی تھیں سوائے وہ چربی جو گائے اور بکری کی پشت پر یا

انتڑیوں میں لگی ہو یا ہڈی سے ملی ہوئی ہو ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَاِنَّا
لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ ہم نے ان کو یہ سزا ان کی شرارت و سرکشی کے سبب دی تھی اور
بے شک ہم جو کچھ کہہ رہے ہیں بالکل سچ ہے فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ
رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ اگر اب بھی یہ
لوگ آپ کو جھٹلائیں تو ان سے کہہ دیجئے کہ تمہارا رب بڑی وسیع رحمت والا ہے لیکن
یہ سمجھ لو کہ مجرموں سے اس کا عذاب ہمیشہ کے لئے ٹالا نہیں جا سکتا سَيَقُوْلُ
الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ
شَيْءٍ ۭ عنقریب یہ مشرکین کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے اور نہ ہی
ہمارے باپ داد، اور نہ ہی ہم کسی چیز کو بلا سند حرام ٹھہراتے ان کے خیال میں یہ اس
بات کا ثبوت تھا کہ وہ جو کچھ کر رہے ہیں وہ ٹھیک ہے، لیکن چونکہ یہ دنیا کی زندگی امتحان ہے اس
لئے ہر شخص کو اطاعت یا نافرمانی اختیار دیا گیا ہے، پھر قیامت کے دن تمام اعمال کا حساب کیا جائے
گا كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ۭ ان سے پہلے
والے لوگوں نے بھی اسی طرح ہمارے رسولوں کو جھٹلایا تھا یہاں تک کہ انہوں نے
ہمارے عذاب کا مزہ چکھ لیا دنیا میں بھی سزا ملی اور بالآخر قیامت کے دن انہیں ہمیشہ کے لئے
جہنم میں ڈال دیا جائے گا قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ۭ آپ ان
سے کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے پاس کوئی دلیل یا ثبوت ہے تو ہمیں بھی دکھاؤ اِنْ
تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ تم تو محض گمان کی پیروی
کرتے ہو اور صرف قیاس آرائیاں ہی کرتے ہو قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ

فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ آپ فرما دیجئے کہ اللہ ہی کی حجت کامل اور

غالب ہے، اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ضرور ہدایت دے دیتا لیکن اس نے اطاعت یا نافرمانی

کے فیصلہ کا اختیار ہر شخص کو دے دیا ہے کہ یہی دنیا کی زندگی میں آزمائش ہے قُلْ هَلُمَّ

شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ آپ ان سے فرما

دیجئے کہ تم اپنے ان گواہوں کو پیش کرو جو گواہی دیں کہ ان سب چیزوں کو اللہ ہی

نے حرام کیا ہے فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ پھر اگر ان کے گواہ اس

قسم کی شہادت دے بھی دیں تو آپ ان کی تصدیق نہ کیجئے وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اور ایسے لوگوں کی خواہشات کے پیچھے نہ چلئے جو ہماری آیات کی

تکذیب کرتے ہیں اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور اپنے رب کے ساتھ دوسروں

کو برابر کا شریک ٹھہراتے ہیں رکوع [۱۸]

[# 132]

Verses 145 to 150: In the preceding verses, there is emphasis on the discussion of halal (lawful) and haram (forbidden), explicitly stating that only carrion, blood, and the flesh of swine are prohibited. It is clarified that many things were declared forbidden on the Jews as a punishment for their disobedience. The polytheists, on the other hand, arbitrarily declared many lawful things as forbidden merely in following the practices of their forefathers. Muslims are advised not to follow such practices.

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗۤ اِلَّآ
اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ
رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ

Say, 'I do not find, in what has been revealed to me, anything forbidden for anyone who would eat it, except a dead animal or blood flowing out or the flesh of swine - for indeed, it is impure - or it be [that slaughtered in] disobedience, where name of Allah was not recited [at the time of slaughter].

فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۵﴾

Then whoever is forced [to eat by necessity], neither desiring [it] nor exceeding [its limit], your Lord is indeed Forgiving and Merciful.

وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِىْ ظُفُرٍ ۚ

And for the jews, We forbade all animals with claws.

وَ مِنَ الْبَقَرِ وَ الْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا
حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ

And We forbade for them, the fat of both the cow and the goat, except what adheres to their backs or their entrails or is attached to the bone.

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿١٤٦﴾

We inflicted this [punishment] upon them for their wrongdoing and rebellion. Surely, what we say is the truth.

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ
بَأْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٤٧﴾

[O Muhammad] If they still deny you, tell them, '[no doubt] Your Lord is the possessor of All-Encompassing mercy, but [remember that] His punishment cannot be averted from the defiant unbelieving people [forever].'

سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَیْءٍ ؕ

Soon the polytheists will say, 'Had Allah willed, we would not have associated partners with Him, nor would our forefathers, nor would we have forbidden anything [without His command].'

In their opinion, this was a proof that what they were doing was right, but since this worldly life is a test, each person has been given the option of obeying or disobeying, then on the Day of Judgment, all actions will be judged.

كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ

Similarly, those who lived before them, also rejected [our messengers] until they tasted [the severity of] Our punishment.

قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ

Say to them, 'If you have any evidence or proof, present it to us as well.

اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾

You follow nothing but whims and do nothing but make conjectures.

قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

Say, 'Allah's argument is the most perfect and prevailing. If He had willed, He could have guided all of you.

[But He has given every individual the choice to opt for obedience or disobedience. This worldly life is indeed a test.]

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَ كُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ
هٰذَا ۚ

Say to them, 'Present your witnesses who can testify that Allah has forbidden all these things.

فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ

[O Prophet], Even if they provide such witnesses, do not testify with them.

وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ الَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ رکوع[۱۸]

Do not follow the whims of those who deny Our [revealed] signs and those who do not believe in the Hereafter, and who equate others with their Lord.